रॉबिन हुड

رابن ہڈ

اداکاران

ین چودہری ۔ نیلوفر
واث ۔ پیر شانت

قیمت دس نئے پیسے

ن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اِن بِڈ فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

جواں جواں حسن کے رنگین قافلے
آواز دینے مجھے آ آ آ ابھی جا
بکھری مہکتی سانسوں کی
خوشبو مدہوش ہواؤں میں
سمٹے ہیں محبت کے سائے
پلکوں کی نشیلی چھاؤں میں
آنکھوں کا اشارہ ہوا
او او دِل گیا

دِل کو سہارا کوئی
او او دل گیا
او حیانِ جگر خاموش نظر
بن گئی دھڑکتے دِل کی زبان
جواں جواں پیار کے رنگین یہ قافلے
آواز دیتے ...

ساقی ہے نئی چنچل بجلی
چھلکے گھٹا سے پیمانے
اب ان طوفانوں میں دِل کا

کیسا ہے کا حال خدا جانے
چھپایا تو کبھی نہیں تمہا - او او یہ نشہ
خود بھی نہ جانوں مجھے
او او کیا ہوا
بہکے نادان ارمان جوان
اب ہوش کسے ہم ہیں کہاں

گانا نمبر ۲:۔ سنوار دے جو پیار سے
بہار کی بھی زندگی
او جان جہاں او مہربان
ہی تو ہو تمہی تو ہو
تیرے قدم پہ بچھ گئی
یہ شوخیاں فضاؤں کی
تیری نظریں چھاؤں سے
وہ سرمئی گھٹاؤں کی
شبنم میں پھولوں کی ڈالی
جھلملاتی کرنوں کی لالی
ہائے یہ رنگ جو لٹنا
یہ پیار اور مستیاں
تیرے ہی دم سے ہے سنو او مہربان
تیری ہنسی میں ڈھل گئی
نئی صبح کی روشنی

تیری اداؤں میں ہیں تیری
تجھے دلوں کی چاندنی

یہ نشیلا موسم گلابی
تجھو منا ہو جیسے شرابی

میرے حسین دلربا کھلا شباب یوں تیرا
مہک اٹھے ہیں یہ زمین و آسمان
سنوارے

گانا نمبر ۳ ۔ یہ آخری سلام ہے
میرے حسین دلربا
تیری دعا کا کس طرح میں شکریہ کروں
ہیں یہ میرے دل کی دعائیں
رہیں سلامت تیری وفائیں
ہم نہ ہوں گے اب جہاں
مگر جہاں میں جان جاں
رہے گی ہر زبان پہ تیری داستان
یہ آخری سلام ——

گانا نمبر ۴ ۔ مانا میرے حسین صنم
تو رشک مہتاب ہے
پر تو ہے لاجواب تو میرا کتنا خواب ہے
حیرت سے یوں نہ دیکھئے
ذرہ ہوا تو کیا ہوا

اپنی جگہ یہ جان من
ذرہ بھی آفتاب ہے
تیرے شباب کا سرور
چھایا جو دو جہان پر
میری نگاہ نے شوخ سے پایا یہ القاب ہے
پر یہ ہے لاجواب —

گانا نمبر ۵ : پیار کی بات نگاہوں نے چھپایا نہ کرو
راز کھل جائیگا یوں آنکھ ملایا نہ کرو
تم سے ملتے ہی نظر
شرم سے جھک جاتی ہے
آتے آتے کیوں ہنسی ہونٹوں پہ رک جاتی ہے
نرم ہونٹوں میں ہنسی ایسے دبایا نہ کرو
راز کھل جائیگا —
دونوں عالم ہیں لیے جو تمہاری آنکھیں
یوں نہ دیکھو کہ بہک جائے ہماری آنکھیں
میری آنکھوں میں نشہ
بن کے تو چھایا نہ کرو
ہائے رے میری جان یہ دیوانہ ہیں
دل دھڑکتا ہے کہیں
چھوڑ نہ دنیا دامن
ایسے الزام کبھی ہم پہ لگایا نہ کرو

گانا نمبر ۶: چک جاری ہو جاری چک جاری
گن دانا ہو دانا گن دانا
نہ جانے کیا ہوئی ہے دل میرا دیوانہ
پلکیں اٹھی جھلکا نشہ
برستی کوئی ظالم گھٹا
اچھا ہوا دل گیا
کوئی صنم تو مل گیا
کیا حسین دل ہیں جن کی بے تابیاں بڑھنے لگی
دل نے کیا تو کیا کیا
کیسے ہوا یہ کیا ہوا

گانا نمبر ۷: نشہ رنگین آنکھوں کا کیسے سوغات میں دے دوں
مچلتے زندگی کے ہاتھ کس کے ہاتھ میں دے دوں
میرے رخسار پر بکھری مہکتی زلف ہے ایسی
نورانی چاند کے کانوں سے لپٹی ہو گھٹا جیسے
گھٹا زلفوں کی کس کو پیار کی برسات میں دے دوں
سلگتی ہیں جواں سانسیں ادا لیتی ہے انگڑائی
تمناؤں نے تو جیسے مچلنے کی قسم کھائی
مچلتی دھڑکنے کس کو گلابی رات میں دے دوں

تمام شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پیشتر اپنے آپ کو ایک ایکٹر بنانا لازمی ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیسے کی جاتی ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کے لئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف -/۱ روپیہ محصولڈاک معاف

اندرجال عرف استاد جادوگراں

یہ جادو کی وہ مشہور کتاب ہے جس کے لئے اردو دان احباب ایک مدت سے متجسس تھے۔ ہم نے زر کثیر خرچ کر کے اسے شائع کرا لیا ہے۔

قیمت صرف -/۳ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

آسان اردو انگلش ٹیچر

زمانہ حال میں انگریزی بھی ایک بہت ضروری زبان ہے۔ اگر آپ یہ زبان جانتے ہیں۔ تو آپ کہیں بھی چلے جائیں آپکی ہر جگہ قدر ہوگی۔ اس زبان کو جو نہیں جانتا اسکو کافی پریشانی اٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ اس پریشانی سے نجات پانا چاہتے ہیں۔ اور انگریزی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں۔ تو آج ہی ہمارے ہاں سے نایاب کتاب اردو انگلش ٹیچر منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے ہر شخص بغیر استاد کی مدد سے انگریزی میں بات چیت کر سکتا ہے۔

قیمت صرف -/-/۱ہ محصولڈاک معاف

اردو ہندی ٹیچر

آجکل اردو اور انگریزی کے ساتھ زندگی کی ضرورتوں میں ہندی کی ضرورت بھی ہے۔ اس لئے آپ ہمارے ہاں سے ہندی سکھانے والی کتاب منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے بھی بغیر استاد کے ہر مرد و عورت بڑی آسانی سے گھر بیٹھے ہندی پڑھنا سیکھ سکتا ہے۔

قیمت صرف -/۸/۱ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(اعلیٰ پریس دہلی)